© rasailojaraid.com



اردو ناول ، ڈاکٹر ممتاز احمد خاں کا اہم موضوع ہے۔ اس سے پیش تر ان کی ایک کتاب " اردو ناول کے بدلتے تناظر " ۱۹۹۳ء میں شائع ہوئی تھی۔ جس میں اردو کے انتیس ۲۹ ناولوں کا تنقیدی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی ادبی حلقوں میں خاصی پذیرائی ہوئی۔ اور اب ان کا مقالۂ علمیہ کتابی صورت میں منظر عام پر آیا ہے۔ جس میں ۱۹۴۷ء سے ۱۹۸۰ء تک کے ناولوں پر فاضلانہ بحث کی گئی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب چھے ابواب اور ایک ضمیمے پر مشتمل ہے۔ ضمیمے میں ان سولہ اہم ناولوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جو ۱۹۸۰ء کے بعد کسی بھی حوالے سے اہم تصور کیے گئے، جب کہ ابواب میں مُصنّف نے ذہانت اور غور و فکر کے ساتھ اردو ناولوں کے صنفی اسلوب ، موضوعاتی تنوّع ، تکنیکی مسائل ، اور غیر ملکی ناولوں کی بدولت اردو ناول کے اسلوبیاتی تغیّرات کا دل چسپ ، معلوماتی ، نتیجہ خیز اور منفرد جائزہ لیا ہے۔

یوں تو اردو میں ناول سے متعلّق کئی اہم کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ لیکن ڈاکٹر ممتاز احمد خاں کی یہ کتاب کئی حوالوں سے مفید ہے۔ مثلاً یہ کہ اب تک اردو ناول پر کیے گئے اہم کاموں کا احاطہ کیا گیا ہے ، لگ بھگ سو ناول اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں ان میں سے نہایت احتیاط کے ساتھ قابلِ ذکر ناول علیحدہ کیے گئے ہیں۔ اور پھر ان کا مطالعہ ہیئت ، اسالیب اور رجحانات کے حوالے سے کیا گیا ہے۔ اور وہ جزوی مسائل جو ناول کی تکنیک ، اسلوب ، تنقید یا ابلاغ کے مسائل میں قابلِ ذکر نہیں ہیں ، چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس لیے کہ مصنّف کی مکمل توجّہ تحقیق و تنقید کے ان اصولوں کی طرف نظر آتی ہے جو کسی بھی مطالعے میں نتائج فراہم کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بابِ ششم بہ عنوان " اردو ناول کے سفر پر ایک طائرانہ نظر ( بحوالہ ہیئت ، اسالیب اور رجحانات ) پس منظر و پیش منظر " میں منظم انداز میں عمدگی کے ساتھ نتائج پیش کیے ہیں۔ یہ بلاشبہ ایک عمدہ کام ہے جس پر مُصنِّف کو مبارک باد پیش کی جاتی ہے۔

کتابی سلسلہ "نعت رنگ"، شمارہ ۷ ، حمد نمبر

مدیر : صبیح رحمانی

سنہ اشاعت : اگست ۱۹۹۹ء

ناشر: اِقلیمِ نعت ، کراچی

مُبصّر: سیّد جاوید اقبال

" نعت رنگ " کا " حمد نمبر " ظاہری و باطنی خوبیوں کا عمدہ امتزاج ہے۔ اردو ادب کی

© rasailojaraid.com